13-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث+علوم الحدیث	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ العالیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): ☐☐☐☐☐☐ رول نمبر (لفظوں میں): ______________________

نام طالبعلم: ______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ایک سالہ اونٹنی کو کہا جاتا ہے:

(الف) بنت مخلص (ب) بنت معون (ج) جفعہ (د) جزیمہ

2۔یمن کی طرف آپ علیہ السلام نے ان کو بھیجا تھا:

(الف) حضرت سلیمان فارسی (ب) حضرت ابوہریرہ (ج) حضرت عبد اللہ بن عمر (د) حضرت معاذ

3۔صدقہ فطرادا کرنا ہے:

(الف) سنت (ب) واجب (ج) مباح (د) مستحب

4۔مہر کی کم از کم مقدار عند الاحناف ہے:

(الف) 10درہم (ب) 15درہم (ج) 20درہم (د) 30درہم

5۔ظہار کے کفارہ میں روزوں کی تعداد ہے:

(الف) 2ماہ (ب) 3ماہ (ج) 1ماہ (د) 10دن

6۔آقا ﷺ کو پسند تھا:

(الف) میٹھا (ب) شہد (ج) دونوں (د) نمکین

7۔آپ ﷺ سے محبت کرنا ہے:

(الف) سنت (ب) واجب (ج) نفل (د) مباح

8۔انساب کے سب سے بڑے عالم تھے:

(الف) حضرت ابوبکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی

9۔امام طحاوی کا اصل نام ہے:

(الف) احمد بن عبد اللہؒ (ب) محمد بن احمدؒ (ج) احمد بن محمدؒ (د) احمد بن عمرؒ

10۔"غیر منقولہ کی بیع قبضہ سے پہلے جائز ہے" یہ موقف ہے:

(الف) امام اعظمؒ کا (ب) امام شافعیؒ کا (ج) صاحبین کا (د) امام مالکؒ کا

ورق الٹیے

11۔ مقدمہ ابن صلاح کا اصل نام ہے:

(الف) علم المصطلح (ب) علوم الحدیث (ج) مقدمہ ابن صلاح (د) علوم القرآن

12۔ مرسل حدیث ہے:

(الف) صحیح (ب) حسن (ج) ضعیف (د) موضوع

13۔ فقہاء اور اصولیین کے نزدیک مرسل کا اطلاق ہوتا ہے:

(الف) منقطع پر (ب) معضل پر (ج) دونوں پر (د) کسی پر بھی نہیں

14۔ تدلیس کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

15۔ دو حدیثوں میں فرق کیا جائے:

(الف) لائن چھوڑ کر (ب) لائن لگا کر (ج) دائرہ لگا کر (د) تینوں درست

16۔ تمام صحابہ کو ایک طبقہ بنایا ہے:

(الف) ابن حنبلؒ نے (ب) ابن سیرینؒ نے (ج) ابن معینؒ نے (د) ابن حبانؒ نے

17۔ "بلد" کی جمع ہے:

(الف) ابلاد (ب) بوالد (ج) بلدان (د) تینوں

18۔ تعدیل کا اعلیٰ مرتبہ ہے:

(الف) اوثق الناس (ب) ثقہ (ج) حافظ (د) عادل

19۔ جرح میں افراط سے کام لینے کی جرح ہے:

(الف) مقبول (ب) غیر مقبول (ج) مع شرائط قبول (د) اختلاف ہے

20۔ "سلیمان عن سلیمان عن سلیمان" میں سے تیسرا "سلیمان" ہے:

(الف) ابن احمد واسطی (ب) ابن احمد طبرانی (ج) ابن عبد الرحمان (د) تینوں

13-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث+علوم الحدیث	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ....

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ زکوٰۃ کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔
2۔ زکوٰۃ کے مصارف تحریر کریں۔
3۔ "قال النبی ﷺ لعن المحلل و المحلل له" عبارت لگا کر ترجمہ کریں۔
4۔ مقدار رضاعت کے بارے احناف کا موقف مع دلیل لکھیں۔
5۔ ظہار سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
6۔ طلاق بتہ سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
7۔ ایام تشریق سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
8۔ ایام بیض سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
9۔ معارج السنن کا عربی میں مکمل نام تحریر کریں۔
10۔ شفاعت کبریٰ کے بارے حدیث مبارک مختصراً تحریر کریں۔
11۔ دو نمازوں کو حقیقتاً جمع کرنا جائز نہیں یہ کس موقف ہے؟ مع دلیل تحریر کریں۔
12۔ خیار مجلس کے بارے احناف اور شوافع کا اختلاف تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ صحیحین پر مستخرجات کے دو فوائد تحریر کریں۔
2۔ حدیث متصل کی تعریف اور مثال عربی میں لکھیں۔
3۔ علت کی تعریف لکھیں۔
4۔ راوی کی عدالت کیسے ثابت ہوتی ہے؟ تحریر کریں
5۔ روایت بالمعنیٰ کب جائز ہے؟
6۔ "عن النبی" کو "عن الرسول" سے تبدیل کرنا کیسا ہے؟
7۔ طبقہ کی تعریف کریں۔
8۔ جرح کے کوئی سے دو مراتب لکھیں۔
9۔ تزکیہ راوی اور تزکیہ شاہد میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔
10۔ راویوں کے غیر کی طرف نسبت کی دو وجوہ لکھیں۔
11۔ راویوں کی نسبت کن کن اشیاء کی طرف ہوتی ہے صرف تین کے نام لکھیں۔
12۔ شیخ اور طالب کے دو مشترکہ آداب تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "عن جابر بن عبد الله قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم تزوجت قلت نعم قال بکرا ام ثیبا قلت ثیبا قال فهلا جاریة تلاعبها وتلاعبك"

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) نکاح پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں کہ جس سے اس کے فوائد اور مسائل معلوم ہو جائیں۔

ورق الٹئے

ii. "عن عبد الله بن ابی قیس قال سمعت عائشة تقول کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتحفظ من شعبان ما لا یتحفظ من غیرہ ثم یصوم لما یری صیامه من شعبان"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) رمضان اور عید کے چاند کی رویئت پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

iii. (الف) آپ ﷺ کی دنیا سے بے رغبتی اختیار پر احادیث مبارکہ کی روشنی میں تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(ب) فاتحہ خلف الامام کے بارے فقہاء کا اختلاف مدلل انداز میں تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "اصح الکتاب بعد کتاب الله" کون سی کتاب ہے؟ تمام موافق بیان کرنے کے بعد اپنا موقف مدلل تحریر کریں۔

ii. حدیث منکر کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ مع امثلہ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. "ومن اهم ذلك بعد الاطلاع معرفة مراتب الجرح" عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ نیز جرح کی تعریف اور اس کے مراتب کو تفصیلاً تحریر کریں۔